کتاب نما

مطالعاتِ قرآن، ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی۔ ناشر: اپنا ادارہ، منظور منزل ۴۲- اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۲۵۶۔ قیمت: ۱۸۰ روپے۔

زیرِنظر کتاب قرآنیات سے متعلق ۱۰ مقالات اور ایک مقدمے پر مشتمل ہے۔ اس مجموعے کو موضوعات کے لحاظ سے چار حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ پہلا حصہ: 'قرآن کے چند خصائص اور ان سے استفادہ'، 'قرآن کریم میں زمین کا ذکر'، 'قرآنی اصطلاح فساد فی الارض کا ایک جائزہ'، 'پانی، قرآن کریم اور سائنس کی روسے' پر مشتمل ہے۔ دوسرے حصے میں دو مقالے سرسید کی تفسیر سے متعلق ہیں۔ مصنف نے سرسید کی لغوی تحقیق اور کلامِ عرب پر عبور کو سراہا ہے لیکن اس بات پر افسوس کا اظہار کیا ہے کہ تفسیر قرآن میں سرسید نے اپنے عمومی رویے کے برعکس متانت اور بردباری کا دامن چھوڑ دیا ہے اور مفسرین کو پاگل اور احمق تک کہا ہے۔

تیسرا حصہ 'تفسیر تدبر قرآن اور تفسیر ماجدی کا موازنہ' اور 'تدبر قرآن اور تفہیم القرآن سے چند تراجم آیات کے موازنے' پر مشتمل ہے۔ مصنف نے تمام مقالے علمی اور معروضی انداز میں پیش کیے لیکن جہاں تدبر قرآن کی کسی دوسری تفسیر سے موازنے کی بات آئی وہاں فکرِ اصلاحی سے تعلق کا غلبہ نمایاں ہے۔ اسی وجہ سے مولانا مودودیؒ کی ترجمانی پر بھی مصنف کو اعتراض ہے۔

چوتھے حصے میں مشہور محقق اور ماہر اسلامیات ڈاکٹر محمد حمیداللہ کی قرآنی خدمات کا جائزہ لیا گیا ہے اور ڈاکٹر صاحب کی خدمات کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ عمدہ کاغذ، مناسب طباعت کے ساتھ اچھی پیش کش ہے۔ (حمیداللہ خٹک)